لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

وقال اللہ صلی اللہ علیہ ان من امن الناس علی فی صحبتہ وماله ابوبکر ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابابکر خلیلا ولکن اخوۃ الاسلام

بتیسر توفیق الٰہی کتاب مستطاب و امر فوائد

مسمی بہ

جواہر الصمدیہ

فی غزوات الشریفہ

من تالیف حاجی حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً

عبد الصمد عفا عنہ الاحد سابق نایب ناظم ریاست پٹیالہ

خلف الرشید شیخ عبد الاحد صاحب مرحوم و مغفور

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کنت مولاہ فعلی مولاہ

بمطبع فاروقی دہلی باہتمام میر منظم طبع شد

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

بعد حمد خدا ونعت رسول کریم علیہ وعلی آلہ واصحابہ الصلوٰۃ والتسلیم کے مؤمنین مسلمین کی خدمت مین عرض کرتا ہون کہ چونکہ زمانہ ایسا آگیا ہے کہ لوگون کو دینیات کی طرف توجہ ورغبت بہت ہی کم ہے اللہ رسول کی فرمان برداری نماز وروزہ وحج وزکوٰۃ تلاوت قرآن شریف وغیرہ فرائض وواجبات وسنن ونوافل کے ادا کرنے مین لوگ اکثر سستی اور کاہلی کرتے ہین علمائی دین کی صحبت سے نفرت مسجدون مین جانے سے عار مجالس وعظ ونصیحت مین حاضر ہونے سے شرماتے ہین مان باپ کی خدمت نہین کرتے ذوی القربیٰ کے حقوق ادا نہین کرتے مساکین وفقراء سے آنکھہ چراتے ہین بندگانِ خدا پر رحم نہین کرتے بدگمانی عیب جوئی غیبت بغض کینہ اکثر شیوہ دنیا کے نشہ مین ایسے مست ومغرور وسرشار ہو رہے ہین کہ مرنا یاد ہی نہین ہے اور اُس اللہ واحد جبّار قہار کا خوف ہی دلسے اُٹھا دیا اور اُسکے اس حکم کو اَیْنَمَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ط یعنی برابر جہان کہین ہو تم پالیویگی تمکو موت اگرچہ ہو تم بیچ برجون بلند کے - بالکل بھولے ہوئے ہین اسپر خیال نہین کہ اللہ جل شانہٗ اپنی کتاب مبارک مین دنیا کی کیسی مذمت فرماتا ہے - ہان البتہ اگر فی زمانناترقی

Marfat.com

پکڑی بہی ہے تو ایک باہمی بحث ومباحثہ نے۔ اِسکا خوب چرچا ہے اور وقتاً فوقتاً
لوگون کو اسکا شوق بڑہتا جاتا ہے کوئی کسیکو مشرک تبلاتا ہے کوئی وہابی کوئی کچہہ
کوئی کچہہ باہمی جہگڑے اور ایک دوسرے کی نسبت طعن وتشنیع زبانی وتحریری کرنے
مین بڑی بڑی کوشش واہتمام کرتے ہین اِس زمانۂ ضعف اِسلام مین یہ اختلافِ
باہمی اور بہی موجب سُستی دین کا ہے حالانکہ اللہ جلّ جلالہ عمّ نوالہ فرماتا ہے کہ۔
وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا یعنی مضبوط پکڑو دین خدا کو کہ وُہ مضبوط پکڑے تم
سب اور نہ متفرق ہو اور فرماتا ہے کہ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ یعنے چاہیئے کہ ہو تم ایک گروہ کہ بلائین لوگون کو طرف نیکی کے
یعنے دین اسلام یا مومنون کی اُلفت باہمی کی جانب اور حکم کرین ساتہہ نیکی کے یعنی
قرآن اور حدیث کے موافق ہو اور باز رکہین منکر سے یعنی جو قرآن اور حدیث کے
مخالف ہو اور فرماتا ہے وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا یعنے نہوے مسلمانون
مانند اُن لوگون کے جو متفرق ہو گئے عداوت کی وجہ سے اور ہر فرقہ دوسرے فرقہ کا
دشمن ہے اور فرماتا ہے اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ یعنی سوائے اسکے
نہین کہ مؤمن لوگ بہائی ہین ایک دوسرے کے دین مین پس صلح کردو اپنے بہائیون
کے درمیان جب کسی طرحکا اختلاف واقع ہو اور فرماتا ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا
يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ یعنی اے ایمان والون چاہیئے کہ نظر
حقارت سے نہ دیکہے اور نہ مسخراپن کرے ایک گروہ تمہارا دوسرے گروہ سے شاید کہ
ہون وہ بہتر مسخراپن کرنے والون سے اور فرماتا ہے وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا
بِالْاَلْقَابِ ط بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ط یعنے اور عیب نکرو اپنے دین والون
کا اس واسطے کہ سب مؤمن لوگ ایک ذات کی مثل ہین اور نہ پکارو ایک دوسرے

Marfat.com

کو بُرے لقب سے بدنامی ہے کسیکو فسق کے ساتھہ یاد کرنا بعد وصف ایمان کے ۔
اِس عاصی پُر معاصی کو جو اللہ جل جلالہ عم نوالہ نے اپنے فضلِ عمیم سے بطفیل اپنے
حبیبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم حج وزیاراتِ حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً
مشرف فرمایا تو سبحان اللہ سبحان اللہ مکہ معظمہ ومدینہ طیبہ مین جو دینِ متین کی
ترقی اور مؤمنین کی اُلفت اور اتفاقِ باہمی اور انوارِ تجلیاتِ روزافزون کی خوبی کیفیت
کیہی قلم کی کیا تاب وطاقت ہے کہ اُسکا ایک شمہ بہی لکہہ سکے سچ تو یون ہے کہ
حرمِ محترم کعبہ وحرم محتشم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین پانچون وقت ہر چہار مصلون
حنفی شافعی مالکی حنبلی پر نماز کا وہ اہتمام اور لاکہون نمازیون کا وہ ہجوم ہوتا ہے
اور وہ کیفیات حضوری قلب وخشوع وخضوع حاصل ہوتے ہین کہ اُسکا حظ ولطف
وہی خوب جانتا ہے جسکو خداوند تبارک وتعالی نے کمالِ رحمت سے حضوری و
زیارتِ حرمین شریفین سے مشرف فرمایا ہو ۔ ہر نماز کے وقت متعدد مؤذنون اور
کمبیرون کا اونچی اونچی مینارون اور تکبیر گاہون پر چڑہکر کمال خوش الحانی اور ذوقِ
قلبی سے اذانین دینا اور باہم آوازین ملاکر بلندی وخوش الحانی سے تکبیرین کہنا
اور عرب العرباء قاری امامون کا نہایت عمدہ قراءت پڑہنا خصوص نماز جمعہ کا ایک بہاری
اہتمام منبر مطہر ومحراب مقدس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زینت اور منبر پر خطیب کا
واعظانہ وناصحانہ شان کے ساتہہ خطبہ پڑہنا اُس احکم الحاکمین کے دربار کی عجیب
شان دکہلاتا ہے خصوص موسم حج مین لکہو کہہ ہا حاجیون کا بیت اللہ کا طواف کرنا
اور فریادیون کی طرح کعبہ کی چوکہٹ کو پکڑکر اور پردون کو چمٹ کر کمال درد ورقت
کے ساتہہ دعائین پڑہنا اور صفا ومروہ مین سعی کرنا مخصوص مسجد آدم علیہ السلام مین
عندالظہر خطبہ اور نمازِ ظہر وعصر باجماعت ایک اذان اور دو تکبیر سے پڑہا جانا اور قاضی

Marfat.com

صاحب کا جبلِ عرفات کے اوپر ننگے سر اونٹنی پر سوار محراب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
آگے رقت و درد سے خطبہ پڑہنا اور گرداگرد ساری پہاڑ پر اور میدان عرفات مین جمع ہوکر لاکہون
حاجیون کا گدا سے لیکر بادشاہ تک یکسان اور نہایت عاجزانہ ہیئت کے ساتہ احرام باندہے
ہوے ننگے سر خطبہ سننا اور فریاد یونکی طرح اپنے مالک پاک پروردگار تبارک و تعالیٰ کے حضور
مین آوازہ لبیک کا بلند کرنا اور عین خوف و رجا کی حالت مین کمال عجز و زاری اور رقتِ قلب
و خضوع و خشوع سے آنسو بہاتے ہوئے مناجات و توبہ و استغفار کرنا اور اُسوقت انوار
تجلیات الٰہی و آثارِ رحمت و قبولیت کا ظاہر ہونا اور عین یا بین عصر و مغرب ابرِ رحمت کا چہا جانا
اور رحمت کی بوندین برسنا ایک عجیب شانِ معبودی اور صفتِ غفاری و کریمی و رحیمی اُس مالک
الملک کا ظہور اور گویا میدانِ حشر کا نمونہ ہے پہر خطبہ کے ختم ہونے کے ساتہ ہی توپخانۂ سلطانی
سے سلامی کا ہونا اور فوجِ سُلطانی و محل شامی و مصری کا عجب انداز و اہتمام اور شریف مکہ معظمہ
و نیز وہانکے بادشاہ کی سواری کا دہوم دہام اور برابر توپین چلاتے اور آتشبازی چہوڑتے ہوے
اور مؤمنین کا کمال خوشی سے باہم مُبارکباد سلامت کہتے ہوے مزدلفہ مین آنا اور عند العشاء وہان
مغرب و عشا کا اکہٹے پڑہنا سبحان اللہ سبحان اللہ کیا لطفِ عبادت اُس معبود وحدہ لاشریک کا دکہلاتا
ہے اور مزدلفہ سے منا مین آنا اور وہان لکہو کہا جانورونکی قربانی ہونا اور شیطانون کے کنکریان
مارنا کیا اُس پروردگار خالق بیچون کی جبّاری و قہاری کی صفت کا ظہور ہے اللہ اللہ وہانکی
عبادات و انوار تجلیات کی حلاوت تا قیامت جی سے نہین جاتی سبحان اللہ سبحان اللہ حرم شریف
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ صلواۃ خوانی اور وہ صلواۃ خوانونکا حرمِ مبارک کے مینارون پر چڑہکر
کمال خوش الحانی اور جوشِ محبت سے ایک نہایت پراثر و پردرد آواز سے صلوٰۃ پڑہنا اور قبّہ پر نور
روضۂ مطہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نظارہ اور اُسپر وہ نورٌ علیٰ نور کا عالم اور اُسوقت رقتِ
قلب کا ہونا اور آنکہون مین ایک نور کا عالم نظر آنا اور آنسونکی جہڑیان لگجانا ایک عجیب شانِ محمدی

Marfat.com

دِکھلاتا ہے قُبّہ پرنور کی نورانیت اور گنبد مبارک کی سبزی وہ دلکو کھینچتی ہے کہ جذبِ مقناطیسی
کیا حقیقت ہے صفای قلب وتزکیۂ نفس کے واسطے اکسیر اعظم ہے مسجد نبوی مین مابین منبر مطہر و
روضۂ منورہ کے صدہا قرآن مجید بے بہا مُطلا قلمی وچہاپہ کا عُمدہ عمدہ رحلون پر مُزین ہوکر پڑھا
جانا اور دلائل الخیرات ودرود واوراد خوانی کی کثرت اور قرآن خوانون اور درود خوانون کا
محبت ودرد سے حالت تلاوت مین خشوع وخضوع اور آنسو بہانا اور مابین اوقات نماز کے تا اختتام
نماز عشا وعظ کا ہونا اور روضۂ منورہ کے سامنے اور جابجا حرم شریف مین مجالس مولود شریف
کا ہونا اور اہل مجلس کا کمال ادب اور عین محبت سے مولدِ صلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ کے ساتھہ
بے اختیار تعظیماً کھڑے ہوکر درود پڑہنا کیا جلوۂ محمدی دکھلاتا ہے۔ ہزارون زوّار کا روضۂ مقدسہ کے
ہر طرف صلوٰۃ وسلام پڑہنا اور کمال ادب ومحبت سے جی جان سے نثار ہونا اور خود بخود ایک نہایت پر اثر
محبت ودرد کا ہر دل مین پیدا ہونا اور آثارِ رحمت اور خشوع وخضوع ورقت وحضوری قلب کا حاصل ہونا
اور دنیاوی خیالات اور وسوسون سے دِلکا پاک ہوجانا اور ایک محویت نورانیت کا عالم اُس حیات النبی کا
کھلا معجزہ اور اُس رحمۃ للعالمین کی کمال شفقت اور رحمت کا اِس امت عاصی پر کافی ثبوت ہے

مخمس

ایکہ در ذاتِ خویش منفردی ۔۔۔ بصفاتِ کمال متحدی
پس فرو ماندہ ام بچاہ بدی ۔۔۔ یا حبیب اللہ خُذ بیدی
ما بجز ی سواک مُستندی

رتبۂ قربت از ہمہ ارفع ۔۔۔ مُستفیض از تو انبیا جمع
نام پاکت بدردہا انفع ۔۔۔ کن رحیما الذلتی واشفع
یا شفیع الوریٰ الی الصمدی

منکہ ہستم قرین بد عملی ۔۔۔ از تبہ کاری خفی وجلی
بر درت آمدم بخستہ دلی ۔۔۔ اعتصامی سوا جنابک لی
لیس یا سیدی الی الاحدی

ای مظفر بجنگ بدر حُنین ۔۔۔ لشکرت آدم وملک صفین
ہست ذاتِ تو شافع الکونین ۔۔۔ غیر عروا ک لیس فی الدارین
لعلیل ذلیل معتمدی

ای رسول خدا شہ ثقلین ۔۔۔ ابر خیر النساء جد حسنین ۔۔۔ آرزوی از زبان وز شفتین ۔۔۔ صلوٰتی علیک فی الملوین
کان یتجاوز عن العددی

Marfat.com

بعد ازاں از زبان خود جہاں — وز دلِ خستہ و شکستہ مدام
می سرایم من این نوا دہاں — وعلی اھل بیتہ طھرا
وعلی آلہ الاماجد

عن ذنوب الالہ قد صانوا — فی عباداتہ لما خانوا
یا ئملت فشروہ تازانو — وعلی التابعین ھم کانوا
لخیام السداد کالوتد

آنکہ بودند از خدا اخشع — در عباداتِ حق بجان اخضع
گویم از دل برای مجمع — وعلی الصحب کلھم اجمع
ھم نجوم الھدی الی الرشد

ای ہمہ اہل بیتِ دین پرور — وی تمامی صحابہ اکبر
از برای خدا و پیغمبر — استعینوا العاجز و مضطر
شمروا ذیلکم الی المدد

سبحان اللہ سبحان اللہ کیون نہو اللہ جل جلالہ عم نوالہ خود اُس سرور عالم کی شان مین فرماتا ہے
وَبِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ بے شبہ مدفن مطہر اُس شفیع المذنبین رسول رب العالمین صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ کی شان عرش سے بڑھکر ہے

یا خیر من دفنت فی التراب اعظمہ — فطاب من طیبھن القاع والاکم
نفسی فداک بقبر انت ساکنہ — فیہ العفاف وفیہ الجود والکرم

قصیدہ

ان نلت یا ریح الصبا یوما الی ارض الحرم — بلغ سلامی روضۃ فیھا النبی المحترم
من ذاتہ نور الھدی من کفہ بحر الھمم — قرآنہ برھانہ انسخ الادیان مضیت
لست بریح مفرد ابل اقربای کلھم — فی القبر اشفع یا شافع بالصاد والنون والقلم
یوما ولیلا دائما وارزق کذا بی الکرم — یا مصطفی یا مجتبی ارحم علی عصیانا
اکبادنا مجروحۃ من سیف ھجر المصطفی — طوبی لاھل البلدۃ فیھا الرسول المحتشم
ادرک لنا یوم الحزین فضلا وجودا والکرم — یا رحمۃ للعالمین ادرک لزین العابدین
من وجھہ شمس الضحی من خدہ بدر الدجی — اذ جاءنا احکامہ کل الصحف صار العدم
یا لیتنی کنت کمن اتبع نبیا عالما — محبوبنا اعمالنا طمعا وذنبا والظلم
قم یا شفیع المذنبین ھل انت خیر المرسلین — مقھور ایدی الظالمین یا الموکب والمزدھم

رباعی

یارسول اللہ انظر حالنا — یا نبی اللہ اسمع قالنا
انی فی بحر ھموم مغرق — خذ یدی سھل لنا اشکالنا

Marfat.com

سبحان اللہ مدینہ عرش کا نگینہ ہے شعر

نہ دیکھا ہو زمین پر جسنے فردوس وہ جاکر دیکھ لے کوئے محمدؐ

مدینۂ منورہ کے باشندے بڑے ہی خوش نصیب اور مبارک لوگ ہین اور اُسپر کیسے خلیق نرم دِل حلیم الطبع رحیم مزاج ہین کہ خلقِ محمدی اُنکی طینت مین ہے عجب متواضع وبامُروّت وباوفا! اور سچے امانت دار اور متوکّل بخدا ظاہر وباطن یکسان پروانہ وار عاشقانِ جان نثار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم گویا خیر وبرکت کی تصویر ہین اُنکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبّت اپنے جان ومال واولاد سے بہتر اور بڑھکر ہے خدا سب مؤمنون کو اُنکی پیروی نصیب کرے اُنمین بغض وکینہ وغُصّہ وتکبر نام کو نہین اگر اتفاقاً کہین غصّہ بھی آگیا اور کوئی کسی سے بول بھی پڑا تو وہ اُنکی ترزبانی بھی عبادت سے خالی نہین اُسحالت مین بھی بجاے زجر وتوبیخ وبیہودہ برا بھلا کہنے کے اُنکی زبان سے برابر یہ کلمات نکلتے ہین مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط حَسْبُنَا اللّٰہُ ۔ صلی علی النبی اور کمال غصّہ کی یہ کلام ہے لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْاِبْلِیْس سبحان اللہ کیسے پاک لوگ اور کیا پاک اعتقاد ہے ۔ وُہ بدوی جو زوّارون کو اپنے اونٹون پر مدینہ طیبہ مین پہونچاتے ہین سبحان اللہ عجیب لوگ ہین اونٹون کو لادتے کہولتے جب وہ اکثر درود اور قصائد نعتیہ پڑھتے ہین اور آپس مین بات چیت کرتے ہوے بجاے قسم بحیاتِ محمدؐ وبحیات النبی کہتے ہین ۔ کیسے پیارے معلوم ہوتے ہین ۔ اللہ اللہ جسوقت وہ اونٹ کی مہار کاندھے پر رکھے ہوے مدینہ طیبہ روضۂ منورہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ واصحابہ کی طرف کو کھینچے لیے جاتے ہین اُسوقت گویا رگِ جان ساتھ ہی کھنچتی ہے اور یہ کیفیت معلوم ہوتی ہے گویا یہ مبارک لوگ ہمارے ہادی اور رہبر ہین کہ ہمکو اُس خاتم النبیین شفیع المذنبین کی حضوری مین کھینچے لیے جاتے ہین اگر ہم اپنی آنکھین اُنکی قدمون کے نیچے بچھا دین تو بھی کم ہے چہ جاے

Marfat.com

رضاجوئی میں کوئی کمی کرین کہ یہ توسراسراپنا ہی فائدہ ہے اور احتیاط وخودداری مقتضائے
عقل ودانشمندی ہے یہ عموماً مسافرین کو ہر سفر مین لازم ہے کچھ وہیں پر حصر نہین ہے
پس بعد حصول شرف حج وزیارات بلحاظ دینی ہمدردی کے راقم نے چاہا کہ کوئی کتاب جو
واسطے رفع مرض سستی وکم رغبتی امور دینیہ واختلاف باہمی کے مفید عام ہو ترتیب کرے
چنانچہ بعد کامل فکر وغور کے کلام احکم الحاکمین سے بڑھکر کوئی علاج مفید نظر نہیں آیا کیونکہ
اسمیں کسی مؤمن کو مجال انکار نہین ہے بناء علیہ بغرض فائدہ عام برادران دین کمال
محنت سے اوامر ونواہی کلام اللہ کو مع ترجمہ اردو تحت لفظی اس کتاب مین جمع کیا گیا
تاکہ عام مؤمنین اس سے فائدہ اٹھاوین اور ہر شخص جان لے کہ اللہ جل جلالہ
عم نوالہ نماز روزہ حج زکوۃ وغیرہ مامورات ومنہیات کی بابت کس کس تاکید سے ارشاد فرماتا ہے
خصوصاً کلام اللہ مین بیان سی ہے اللہ جل جلالہ نے نماز کا ارشاد فرمایا ہے پس مؤمنین غور کرین کہ جس کام کا
مالک ایکبار حکم دیتا ہے اسکی تعمیل فرض وواجب ہوجاتی ہے جس کام کے واسطے
اس کثرت کے ساتھ متواتر احکام صادر فرمائی ہون اسکی تعمیل مین سستی وکاہلی کرنا
یا معاذ اللہ اسکا نکرنا کیسا کچھہ موجب ناراضی وخفگی مالک کا ہے اور جو کوئی اسکی تعمیل
پوری کرے وہ کیسے کیسے انعامات کا مستوجب ہوسکتا ہے جسکا وعدہ کلام اللہ مین
جابجا موجود ہے ابتداے کتب مین چند آیات توحید باری تعالی عزاسمہ نقل کی گئی ہین
ایسا ہی آیات منع شرک ایکجا جمع کی گئی ہین تاکہ خدا کی توحید اور شرک کی برائی ہر شخص
کے دلنشین ہوجاوے اور عام لوگ بھی خوب جان لین کہ وہ وحدہٗ لاشریک شرک
سے سخت بیزار ہے حتی کہ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ
ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِیْدًا ۝ یعنی تحقیق کہ خدا نہین بخشتا
اُسے جو شرک کرے ساتھ خدا کے اور بخشدیتا ہے وہ گناہ جو شرک کے سوا ہے واسطے

Marfat.com

جسکے کہ چاہتا ہے اور جو کوئی شرک کرے ساتھ اللہ کے پس تحقیق کہ گمراہ ہوگیا حق سے گمراہی
دور اور فرماتا ہے اِنَّہٗ مَنْ یُّشْرِكْ بِاللّٰہِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ الْجَنَّۃَ وَمَاْوٰہُ النَّارُ یعنی تحقیق کہ
جو کوئی شرک کرے ساتھ خدا کے پس تحقیق کہ حرام کردی ہے اللہ نے اوپر اُسکے جنت اور
جگہ اُسکی دوزخ ہے **بیت** اگر حریم دل از غیر دوست سازی پاک ✦ صفائی وحدت
صرف اندرو کنی ادراک ✦ بعدہٗ وہ آیات جو جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور اُنکے اہلِ بیتِ اطہار و اصحابِ کبار رضوان اللہ تعالیٰ عنہما اجمعین کی شان مین نازل
ہوئی ہین علے الترتیب جمع کی گئی ہین جس سے مقصود خاص یہ ہے کہ مؤمنین کے دلون
مین محبت جناب رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اور اُنکے اہلِ بیتِ اطہار و اصحاب کبار رضوان
اللہ عنہما اجمعین کی خوب پختہ ہوجاوے اور مضبوط جڑ پکڑ جاے اور اللہ جل جلالہ عم نوالہ نے
قرآن مجید مین جو عظمت و شان اپنے حبیب کریم علیہ وعلی آلہ واصحابہ الصلوٰۃ والتسلیم اور
اُنکے اہلِ بیتِ اطہار و اصحابِ کبار رضی اللہ عنہما کی بیان فرمائی ہے دلکی آنکھون سے
اُسکا مشاہدہ کرلین اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو عین خدا کی اطاعت
اور اُنکی محبت مین خدا کی رضا سمجھین دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ
اَطَاعَ اللّٰہَ وَمَنْ تَوَلّٰی فَمَآ اَرْسَلْنٰکَ عَلَیْھِمْ حَفِیْظًا یعنی جو کوئی اطاعت کریگا رسول کی پس
تحقیق کہ اُسنے اطاعت کی اللہ کی خدا ہی کے حکم سے تو رسول کی فرمانبرداری ہے
خدا کی فرمانبرداری ہے

جملہ عالم رضاے حق جوید ✦ حق رضاے تو یا رسول اللہ ✦ جان فداے تو یا رسول اللہ
دیدہ جاے تو یا رسول اللہ ✦ اور انکی فرمانبرداری و پیروی و محبت کو اپنی جان و مال
ماں باپ اولاد سب سے بہتر اور مقدم جانین دیکھو اللہ جل وجلالہ عم نوالہ فرماتا ہے قُلْ اِنْ کَانَ
اٰبَآؤُکُمْ وَاَبْنَآؤُکُمْ وَاِخْوَانُکُمْ وَعَشِیْرَتُکُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْھَا وَتِجَارَۃٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَھَا وَ
مَسٰکِنُ تَرْضَوْنَھَآ اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ الخ یعنی اگر ہین باپ بھائی قرابتدار اور مال تجارت

Marfat.com

اور گہر تمہارے بہت دوست تمہین محبت اللہ اور رسول اُسکے سے تو انتظار کرو یہانتک کہ لاے
اللہ عذاب اپنا یہین سے جان لو کہ اللہ رسول کی محبت کیسی بے بہا نعمت ہے اور رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کی کیا عظمت و شان ہے **نظم** بصورتِ تو نگارے نہ آفرید خدا

ترا کشید و دست از قلم کشید خدا — من وجہک المنیر لقد نور القمر
یا صاحب الجمال و یا سید البشر — لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر — لو امی نلیخالو راین جبینہ
لاترن بالقطع القلوب علی اللہ — اور دیکھو اللہ جل شانہ نے اہل بیت اطہار و اصحاب کبار رضی اللہ
تعالی عنہا کی شان مین فرمایا ہے اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ
تَطْھِیْرًا یعنی سوا اسکے نہین کہ چاہتا ہے خدا کہ لیجاے تمسے گناہ اے پیغمبر کے اہل بیت اور پاک
کردے تمکو گناہون سے پاک کرنا اور فرماتا ہے اَعْظَمُ دَرَجَۃً عِنْدَ اللّٰہِ یعنی بہت بڑے ہین درجہ
کے رو سے نزدیک خدا کے اور فرماتا ہے رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ یعنی راضی اور خوش ہوا
اللہ اُنسے اور خوش ہوے وہ خدا سے یعنی اصحاب فقط اور ایسا ہی بنظر تنبیہ غافلین آیات متعددہ
جو مذمت دنیا و فضیلت آخرت مین نازل ہوئی ہین ایک جگہ جمع کی گئی ہین تاکہ عام مؤمنین
نظر عبرت سے دیکھین اور خوب سمجھین کہ یہ دنیا مردار مخصوص ناپائیدار بمقابلہ عاقبت کیسی ذلیل و
خوار ہے کہ اسکے کسی کام کو ثبات و قرار ہی نہین ہے **نظم**

تحرز من الدنیا فان فناءھا — محل فناء لا محل بقاء
فصفوتھا ضم و جبۃ بکدرۃ — وراحتھا مقرونۃ بعناء
ندارد کار دنیا اعتبارے — اگر دارد دو روزے یا سہ چارے — بغفلت میگزاری روزگارے
مگر در گور خواہی کرد کارے — عقلمند وہ ہے کہ اس تھوڑی سی فانی زندگی کو بہت اور
باقی رہنے والی عاقبت مین صرف کرے تاکہ آخرت مین حسرت و ندامت سے کف افسوس نہ ملے
بدنیا تو انی کہ عقبی خری — بخر جان من ورنہ حسرت بری — کسی گوے دولت ز دنیا برد
کہ با خود نصیبے بعقبے برد — پس اے بھائیو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت اور آل و

Marfat.com

واصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو ذخیرۂ آخرت اور وسیلۂ نجات سمجھو اپنا جان
ومال اُنکی رضا ومحبّت مین نثار کرتے رہو دیکھو اللہ تعالےٰ خود فرماتا ہے وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ
یعنی ڈہونڈو طرف اُسکے وسیلہ پس وہ وسیلہ یہی ہے اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ
مِنْكُمْ اُس معبود وحدہ لاشریک کی عبادت مین دل وجان سے مشغول رہو دیکھو خالق کریم
فرماتا ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ یعنے اور ہمنے نہین پیدا کیا جنون اور آدمیون
کو مگر اسواسطے کہ میری عبادت کرین پس اُسیکی عبادت کرو اور اُسی کو اپنا خالق اور رازق اور
کارساز حاجت روا پالنے والا مارنے والا اور پہر زندہ کرنے والا سمجھو اور اُس وحدہٗ لاشریک
پر اور اُسکے فرشتون اور اُسکی کتابون اور اُسکے رسولون پر اور مرنے کے بعد زندہ ہونے اور
قیامت وآخرت پر سچّے دل سے ایمان رکھو اور ملّت حنیفیہ دینِ اسلام پر مُستقیم رہو جنت
اور دوزخ کو حق سمجھو جزا وسزا آخرت کے معتقد رہو۔ اِس دُنیاے فانی کی محبّت مین اوسمجھکر
دینیات سے غافل نہو موت کو بہت یاد کرو اتباع سنتِ نبوی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
اصحاب وتابعین وتبع تابعین وعلماے محدّثین وفقہا ومجتہدین کی پیروی کرو بحکم اَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ یعنی اطاعت کرو اللہ کی اور فرمانبرداری رسول کی کرو اور
اطاعت کرو صاحبون حکم کی اور ماں باپ کی خدمت کرو صلہ رحم ادا کرو فقرا ومساکین ومسافرین
وہمسایون وہمنشینون لونڈی غلامون کے ساتہ بسخاوت مروت واحسان کرو دیکھو اللہ
جل جلالہ عمّ نوالہ فرماتا ہے وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى
الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ یعنی اور بہلائی کرو
ساتہہ ماں باپ کے قول وفعل سے اور ساتہہ قرابت والون کے اور ساتہہ یتیمون کے دلنوازی اور
کارسازی کرکے اور ساتہ مسکینون کے صدقہ اور زکوٰۃ دیکر اور ساتہہ پڑوسی قرابت والون کے
ساتہ شفقت اور مہربانی کے اور ساتہ پڑوسی اجنبی کے اور ساتہ پڑوسی کافر کے اور بہلائی کرو

Marfat.com

ساتھ ہمنشین اور ہمصحبت اور ساتھ راہ چلتون اور مہمان ومسافر کے اور سلمہ لونڈی غلامون کے
فقط بخل وریا واسراف فضول خرچی مت کرو یعنی جن مقامونپر مال نہ خرچ کرنا چاہیئے وہان اپنا مال
پراگندہ مت کرو مثلاً رنڈیون بھانڈون نقالون وغیرہ کے تماشے یا سود ورشوت وزنا وغیرہ وغیرہ منہیات
مین باطل وخلاف شرع صرف کرنا یہ اسراف وفضول خرچی ہے دیکھو اللہ تعالے فرماتا ہے وَلَا تُبَذِّرْ
تَبْذِيرًا اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ یعنی فضول خرچی نکرو فضول خرچی کرنا بیشک اسراف
کرنیوالے ہین بھائی شیطانون کے کچھہ دیکر احسان مت کرو خلق محمدی وصبر وشکر رضا وقناعت
وتفویض وتوکل وفروتنی عفو وحلم اختیار کرو وفاے عہود اور ادائی امانات اور راستی پر ہمیشہ بکے
رہو دیکھو اللہ تعالی متقیون صابرون شاکرون متوکلون کے حق مین اور اُنکے حق مین جنہون
نے عفو وحلم اختیار کیا ہے اور اپنے عہدونکی رعایت کرتے ہین اور امانتین ادا کرتے ہین اور
اپنی فروج کی حفاظت کرتے ہین کیسی کیسی بخشش اور رحمت کا وعدہ فرمایا ہے عدل وانصاف
کرو یتیمون پر قہر یا کسی کی حق تلفی مت کرو کسی بیگناہ پر دستِ تعدّی دراز کرکے اِس چندروزہ
زندگی مستعار کے لیے ظلم مت کرو مظلومون کی آہ سے بچو خدا کے قہر وغضب سے ہر وقت ڈرتے
رہو دیکھو اللہ تعالے کیا فرماتا ہے وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا یعنی جو کوئی
کرے کام تعدّی اور ظلم اور ستم کی راہ سے پس قریب ہے کہ لاوینگے اُسے آگ مین ؎

ترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن ۔۔۔ اجابت از درِ حق بہر استقبال می آید
کسی کز صرصرِ ظلمش دمادم ۔۔۔ چراغِ عیش مظلوماں بمیرد
نمی ترسد ازاں کایزد تعالے ۔۔۔ اگرچہ دیر گیرد سخت گیرد

اور جنہون نے دنیا پر آخرت کو ترجیح دیکر عاقبت کو اختیار کیا اور ظالمون کے ظلم سے اُنکے اور نیز
ظالمون کے حق مین فرماتا ہے فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ
الظّٰلِمُوْنَ ۝ یعنی قریب ہے کہ جانو تم اُس شخص کو کہ ہوگی واسطے اُسکے عاقبت اچھی

Marfat.com

سرائے آخرت مین اور تحقیق نہ چھٹکارا پاوینگے ظالم ؎ باش تا کل مبنی انہارا کہ افروزندہ خرد
باش تا کل مبنی انہارا کہ افروزندہ خار + تا کسے از دار الفراری ساختن دار القرار
فسق و فجور و فحش و قبایح و طمع کذب و افترا کبر و نخوت غیبت و خود پسندی بدگمانی و عیب جوئی جاسوسی بغض و کینہ
غیظ و غصہ سے پرہیز کرو بلکہ جو تمہارے ساتھہ برائی یا دشمنی کرے اُسکے ساتھہ بھلائی اور نیکی کرو
دیکھو اللہ تعالی فرماتا ہے وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ یعنی اور
ہضم کرنے والے ہین غصہ کے باوصف قدرت کے اور معاف کرنے والے ہین آدمیون کے
اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والون کو اور جان لو کہ احسان مین سب سے بہتر
قسم یہ ہے کہ اُن لوگون کے ساتھہ بھلائی کرے جنہون نے اُسکے ساتھہ برائی کی ہو ؎
مردی گمان مبر کہ بزورست پردلی باخشم گر برائی تو دائم کہ کاملی بدی را مکافات کردن بدی
بر اہل صبوری بود بخردی بمعنی کسانیکہ پے بردہ اند بدی دیدہ و نیکو لی کردہ اند
اور اللہ فرماتا ہے وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي
بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ یعنی برابر نہین ہے نیکی اور بدی دفع کر برائی کو اُس
چیز کے سبب سے کہ نفس الامر مین وہ بہت نیک ہے پھر جب تو ایسا کریگا اُسکے ساتھہ کہ ہو
تیرے اُسکے درمیان عداوت تو گویا کہ وہ دوست ہے کارساز ؎
بدی را بدی سہل باشد جزا اگر مردی اَحْسِن اِلَی من اسا
ہر کہ بنود یار مارا ایزد اورا یار باد ہر کہ مارا رنج داده راحتش بسیار باد
ہر کہ اندر راہ من خارے نہد ازدشمنی ہر گلے کز باغ عمرش بشگفد بے خار باد
حلال و حرام مین تمیز کرو حلال کھاؤ حرام سے بچو کسیکو گالی مت دو بے اجازت غیر کے
گھر مین نچلے جاؤ نامحرمون پر نظر مت ڈالو ناپ اور تول پورا رکھو مشورہ کر لیا کرو کسیکا
راز فاش مت کرو تھوڑا ہنسو بہت رووٗ یَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ کے

Marfat.com

عامل رہو جو حریص اس دنیاے فانی پر فریفتہ ہوکر عاقبت سے ہاتھہ اُٹھا بیٹھا ہو وہ اسپر
غور کرکے خوب سمجھہ لے ؎

گر ملکِ تو شام تا یمن خواہد بود — وار سرحد رُوم تا خُتَن خواہد بود
آنروز کزین جہان کنی عزم سفر — ہمراہِ تو چند گز کفن خواہد بود
یا عاشق الدُّنیا لعیدک وجمعها — ولشدة من اذا ارتك قفاها
تا چند اسیر نفس شیطان باشی — افتادہ بدام فسق عصیان باشی
ترسم کہ چون پردہ از میان بردارند — خوار و خجل و زار و پشیمان باشی

اور خدا کی رحمت سے ہرگز ہرگز کسی حال مین بھی نا امید نہ ہو کیونکہ نا امیدی کفر ہے وہ بڑا غفور الرحیم ہے دیکھو خود فرماتا ہے قُلْ یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰی اَنْفُسِہِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ط اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ
یعنی کہہ اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے ہمارے وہ بندے جنہون نے اسراف کیا ہے اوپر ذاتون اپنی کے یعنی گناہون مین افراط کی ہے اور حد سے زیادہ کئے ہیں نا امید نہ ہو اللہ کی رحمت سے بیشک اللہ بخشدیگا گناہ سب بیشک وہ بخشنے والا ہے گناہون کا مہربان ہے بندون پر چنانچہ یہ مقولہ اپنے حسب حال ہے ؎

ندارم ہیچگونہ توشہ راہ — بجز لا تقنطو من رحمۃ اللہ
نفرمودی کہ نومیدی میارید — زمن لطف و عنایت چشم دارید
ازین معنی بسے امیدواریم — زلطف و عنایت چشم داریم
امیدے دردمندان را روا کن — دلے امیدواران را دوا کن

گر در توبہ کہلا ہے توبہ کر اور گناہون سے باز آؤ ؎

باز آ باز آ ہر آنچہ کردی باز آ — گر کافر و رندو مے پرستی باز آ

Marfat.com

این درگہ ما درگہ نومیدی نیست صدبار اگر توبہ شکستی باز آ +

غرض اسی طرح نکاح ومہر وطلاق وعِدّت ومیراث وغیرہ وغیرہ اقسام مامورات ومنہیات جو جو مُتعلّق ایمان واعتقاد واعمال کے ہیں جُدا جُدا جمع کیئے ہین اور جتنی آیاتِ مقدّسہ قرآن مجید اِس کتاب مین جمع کی گئی ہین ہر آیت کے ساتھ سیپارہ وسورت ورکوع کا پتہ لکھدیا ہے۔ واضح ہو کہ رکوع سے سورت کا رکوع مراد ہے نہ سیپارہ کا اور نام اِسکا **جواہر الصمدیہ** رکھا گیا امید ناظرین سے یہ ہے کہ اگر کہین سہو وخطا ہوئی ہو تو براہ عفو وعطا اصلاح فرماوین اور اس عاصی پُرمعاصی کو دعائے خیر سے محروم نفرماوین

فقط

Marfat.com

الفاتحہ ۱

توحید باری تعالیٰ عزوجل

سیپارہ	سورت	رکوع	آیات
			بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
			شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالی مہربان کے
	الفاتحہ		اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ ○
			سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کا بخشش کرنے والا مہربان
			مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ ○
			خداوند دن جزا کا تجھی کو عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ہم
			اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
			دکھلا ہمکو راہ سیدھی راہ اُن لوگوں کی
			اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○
			کہ نعمت کی ہے تونے اوپر اونکی سوا اونکی جو غصہ کیا گیا ہے اوپر اونکے اور نہ راہ گمراہ ہوئے
الٓمّٓ	البقرۃ	۱۴	وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ
			اور واسطے اللہ ہی کے مشرق اور مغرب پس جدہر کو تم کرو پس وہیں ہے منہ اللہ کا
سیقول	البقرۃ	۱۹	وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○
			اور معبود تمہارا معبود ایک ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی بخشش کرنیوالا مہربان

Marfat.com

تلك الرسل	بقر	۳۳	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہے ہمیش رہنے والا نہیں پکڑتی اُسکو اونگھ اور نہ نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ نیند واسطے اُسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے کون ہے وہ سفارش کرے عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا نزدیک اُسکے مگر ساتھ حکم اُسکے کے جانتا ہے جو کچھ آگے اُنکے ہے اور جو کچھ پیچھے اُنکے ہے اور نہیں يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ گھیرتے ساتھ کسی چیز کے علم اُسکے سے مگر ساتھ اُس چیز کے کہ چاہے سمایا کرسی اُسکی نے آسمانوں کو وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ ناختم رکوع اور زمین کو اور نہیں تھکاتی اُسکو نگہبانی اُن دونوں کی اور وہی ہے بلند مرتبہ بڑا		
۔ "	آل عمران	۱	شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ گواہی دی اللہ نے یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ اور گواہی دی فرشتوں نے اور صاحب علموں نے قَاۗىِٕمًۢا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ قائم ہے ساتھ انصاف کے نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب ہے حکمت والا
اِذَا سَمِعُوا	الغاشیۃ	۱۲	اَللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ اللہ پروردگار تمہارا نہیں کوئی معبود مگر وہ پیدا کرنے والا ہر چیز کا پس عبادت کرو
قَالَ اَلَمْ اَقُلْ	طٰہٰ	۱	اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا وہ رحمٰن ہے اوپر عرش کے قرار پکڑا اُسنے واسطے اُسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝ بیچ زمین کے ہے اور جو کچھ درمیان اُن دونوں کے ہے اور جو کچھ نیچے گیلی مٹی کے ہے

Marfat.com

قال الراقل	ط	۱	اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ
			تحقیق مین ہی ہون اللہ نہین کوئی معبود مگر مین پس عبادت کرو میری اور قایم رکھہ نماز کو واسطے یاد میرے
اقترب	انبیاء	۱	لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ○
			نہین کوئی معبود مگر مین پس عبادت کرو مجھکو
اقترب	انبیاء	۵	وَّاَنَا رَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْنِ ○
			اور مین ہون پروردگار تمہارا پس عبادت کرو میری
قد افلح	النور	۴	اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا
			اللہ نور ہے آسمان کا اور زمین کا مثال نور اُسکے کی مانند طاق کے ہے کہ بیچ اُسکے
			مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ ؕ اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ
			چراغ ہو وہ چراغ بیچ قندیل شیشہ کے ہے وہ قندیل شیشہ کا گویا کہ وہ تارا ہے
			دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ
			چمکتا روشن کیا جاتا ہے وہ چراغ درخت مبارک زیتون کے سے کہ نہ مشرق کی طرف ہے
			وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ ۙ یَّکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ
			اور نہ مغرب کی طرف نزدیک ہے کہ تیل اُسکا روشن ہو جاوے اور اگرچہ نہ لگے اُسکو آگ روشنی
			عَلٰی نُوْرٍ ؕ یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ
			اوپر روشنی کے راہ دکھاتا ہے اللہ طرف نور اپنے کے جسکو چاہتا ہے
امن خلق	قصص	۳	اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ○
			تحقیق مین ہون اللہ پروردگار عالمون کا
اتل ما اوحی	لقمان	۲	لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ
			واسطے اللہ کے ہے جو کچھہ ہیم آسمانون کے اور زمین کے ہے تحقیق اللہ وہی ہے بے پرواہ تعریف کیا گیا

Marfat.com

۲۱ انتلھا اوحی	لقمن	۳	وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ اور اگر ہو یہ کہ جو کچھ بیچ زمین کے ہے درختوں سے قلمیں اور دریا ہو یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ سیاہی اسکی پیچھے اسکے ہوں سات دریا نہ تمام ہووینگی باتیں اللہ کی اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا بیشک اللہ غالب ہے حکمت والا نہیں بنانا تمہارا اور نہ جلانا تمہارا مگر كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝ مانند ایک جان کے بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے
۲۵ الیہ یرد	الشوریٰ	۲	لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝ نہیں مانند اُسکے کوئی چیز اور وہی سُننے والا دیکھنے والا ہے
۲۷ قال فما خطبکم	الحدید	۱	هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وہ ہے سب سے پہلے اور سب سے پیچھے اور سب سے ظاہر اور سب سے چھپا ہوا
۲۹ حٰمٓ	محمد	۲	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نہیں کوئی معبود مگر اللہ
۲۸ قد سمع اللہ	الحشر	۳	هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ وہی ہے اللہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ جاننے والا پوشیدہ کا اور حاضر کا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ الْمَلِكُ وہی ہے بخشش کرنیوالا مہربان وہی ہے اللہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ بادشاہ ہے الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ بہت پاک سلامت سب عیب سے امن دینے والا نگہبان غالب زبردست تکبر والا پاک ہے

Marfat.com

			اللہ عما یشرکون ھو اللہ الخالق البارئ المصور لہ الاسماء
			اللہ کو اُن چیزوں سے جو شریک ٹھہراتے ہیں وہی اللہ پیدا کرنیوالا درست کرنے والا صورتین بنانیوالا واسطے اُسکے ہیں نام
			الحسنیٰ یسبح لہ ما فی السموٰت والارض وھو العزیز الحکیم ○
			اچھے پاکی بیان کرتے ہیں واسطے اُسکے جو کچھ ہے آسمانوں مین اور زمین مین اور وہی ہے غالب حکمت والا
قد سمع اللہ ۲۸	الطلاق	۲	اللہ الذی خلق سبع سموٰت ومن الارض مثلھن یتنزل الامر
			اللہ وہ ہے جس نے پیدا کیا سات آسمانون کو اور زمین سے مانند اُنکے اُترتا ہے حکم اُسکا
			بینھن لتعلموا ان اللہ علی کل شئ قدیر وان اللہ قد احاط بکل شئ علما ○
			درمیان اُنکے تو کہ جانو تم یہ کہ اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے اور یہ کہ تحقیق اللہ نے گھیر لیا ہے ہر چیز کو علم مین
عم ۳۰	سورۃ الاخلاص	۱	قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد
			کہدے اے محمد وہ اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج نہین جنا اُسنے اور نہ جنا گیا اور نہین ہے واسطے اُسکی برابری

قُربِ حق

سیپارہ	سورت	رکوع	آیات
سیقول ۱	البقرۃ	۲۳	واذا سالک عبادی عنی فانی قریب ط
			اور جب سوال کرین تجھکو بندے میرے مجھ سے پس تحقیق مین نزدیک ہون
قل اللہ	الانفال	۳	ان اللہ یحول بین المرء وقلبہ
			یہہ کہ اللہ حائل ہوتا ہے درمیان آدمی کے اور دل اُسکے کے
حٰمٓ ۲۶	ق	۲	ونحن اقرب الیہ من حبل الورید ○
			اور ہم بہت نزدیک ہین طرف اُسکے رگ جان سے

Marfat.com

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ	القمر	۳	فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ○
			بیچ مقام راستی کے نزدیک بادشاہ قدرت والے کے
″	واقعة	۳	وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ○
			اور ہم بہت نزدیک ہیں طرف اسکے تم سے اور لیکن نہیں دیکھتے ہو تم
″	حدید	۱	وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ط
			اور وہ ساتھ تمہارے ہے جہاں ہو تم

احکام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی فرمانبرداری اور پیروی کرنے اور اُنپر درود بھیجنے اور نیز آیات شرف وتعظیم آنحضرت رسالت پناہ سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

سیپارہ	سورت	رکوع	آیت
الٓمٓ	بقر	۱۳	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا
			تحقیق بھیجا ہمنے تجھکو ساتھ حق کے خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا
سیقول	″	۱۷	كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا
			جیسا بھیجا ہمنے بیچ تمہارے پیغمبر تم مین سے پڑھتا ہے اوپر تمہارے آیتین ہماری
			وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ
			اور پاک کرتا ہے تمکو اور سکھاتا ہے تمکو کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہے تمکو جو کچھ کہ نہین
			تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ○ ط
			تھے تم جانتے ۔

52351

Marfat.com

تِلْكَ الرُّسُلُ	آل عمران	۳	قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ
			کہہ اگر ہو تم چاہتے اللہ کو پس پیروی کرو میری چاہے تمکو اللہ اور
			يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ قُلْ اَطِيْعُوا
			اور بخشے واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے کہہ فرمانبرداری کرو
			اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ○
			اللہ کی اور رسول کی پس اگر پھر جاویں پس تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا کافرون کو
تِلْكَ الرُّسُلُ	اٰلِ عمرٰن	۹	وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ
			اور جسوقت لیا اللہ نے عہد پیغامبرونکا البتہ جو کچھہ دون مین تمکو کتاب سے
			وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ
			اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس پیغمبر سچا کرنے والا اسچیز کو کہ ساتھ تمہارے ہی البتہ ایمان لاؤ
			بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰي ذٰلِكُمْ
			ساتھ اسکے اور البتہ مدد دینا اسکو کہا کیا اقرار کیا تمنے اور لیا تمنے اوپر اسکے
			اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ
			تمہاری عہد میرا کہا انہون نے اقرار کیا ہمنے کہا پس شاہد رہو اور مین ساتھ تمہارے
			مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ○ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ
			شاہدون سے ہون پس جو کوئی پھر جاوے پیچھے اسکے پس یہ لوگ
			هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○
			وہی ہین فاسق بدکار
لَنْ تَنَالُوا	اٰل عمرٰن	۱۳	وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○
			اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول کی تو کہ تم رحم کیے جاؤ

Marfat.com

لقد	۴	آل عمران	۱

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا

تحقیق احسان کیا اللہ نے اوپر ایمان والوں کے جبوقت بھیجا بیچ انکے پیغمبر

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ

اپس انکے سے پڑھتا ہے اوپر انکے نشانیان اُسکی اور پاک کرتا ہے اُنکو اور سکھاتا ہے اُنکو

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

کتاب اور حکمت اور تحقیق تھے پہلے اُس سے

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے

والمحصنت	۵	النساء	۸

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو فرمانبرداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا

وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ

اور صاحبون حکم کے تم مین سے پس اگر جھگڑو تم بیچ کسی چیز کے پس پھیرو اُسکو

اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

طرف اللہ کے اور رسول کے اگر ہو تم ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝

دن پچھلے کے یہہ بہتر ہے اور بدلہ اچھا جزا میں

والمحصنت	۵	"	۹

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا

اور اگر یہ لوگ جبوقت کہ ظلم کرتے ہین جانون اپنی کو آوین تیرے پاس پس بخشش مانگین

اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

اللہ سے اور بخشش مانگے واسطے اُنکے رسول البتہ پاوینگے اللہ کو بہت آنوالا مہربان

Marfat.com

والمحصنت	النساء ۴	۸	بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا درمیان اُنکے پھر نہ پاویں بیچ جیون اپنے کے تنگی اُس چیز سے قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا کہ حکم کرے تو اور مان لیویں مان لینے کو
والمحصنت	النساء ۵	۹	وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اور جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور رسول کی پس یہ لوگ ساتھ اُن لوگوں کے ہیں اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ کہ نعمت کی ہے اللہ نے اُوپر اُنکے پیغمبروں سے اور صدیقوں سے وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا اور شہیدوں سے اور صالحوں سے اور اچھے ہیں یہ لوگ رفیق ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا یہ فضل ہے اللہ کی طرف سے اور کفایت ہے اللہ جاننے والا
〃	〃	۱۱	مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى جو کوئی کہا مانے رسول کا پس تحقیق کہا مانا اللہ کا اور جو کوئی پھر جاوے فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ پس نہیں بھیجا ہم نے تجھکو اُوپر اُنکے نگہبان
〃	〃	۱۶	وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ اور جو کوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اسکے کہ ظاہر ہوئی واسطے اُسکے الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى ہدایت اور پیروی کرے سوا راہ مسلمانوں کے متوجہ کرینگے ہم اُسکو جدھر متوجہ ہوا ہے

Marfat.com

			وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝
			اور داخل کرینگے ہم اُسکو دوزخ مین اور بُری ہے جگہہ پہر جانی کی
لایحب اللہ	النساء	۲۳	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ
			اے لوگو تحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتہہ حق کے پروردگار تمہارے سے
			فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي
			پس ایمان لاؤ بہتر ہوگا واسطے تمہارے اور اگر کفر کروگے پس تحقیق واسطے اللہ کی ہے جو کچھ
			السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝
			ہیچ آسمانون کے اور زمین کے ہے اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا
۶	مایدہ	۳	قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ
			تحقیق آئی تمہاری پاس اللہ کی طرف سے روشنی اور کتاب بیان کرنیوالی ہدایت کرتا ہے ساتہہ
			مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
			اُس شخص کو کہ پیروی کرتا ہے رضامندی اُسکیکی راہین سلامتی کی اور نکالتا ہے اُنکو تاریکیون سے
			اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
			طرف روشنی کے ساتہہ حکم اپنے کے اور ہدایت کرتا ہے اُنکو طرف راہ سیدہی کے
〃	〃	۸	وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ
			اور جوکوئی دوست پکڑے اللہ کو اور رسول اُسکے کو اور ان لوگون کو جو ایمان لائے پس تحقیق
			حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝
			گروہ اللہ کے وہی ہین غالب
وَاِذَا سَمِعُوْا	〃	۱۲	وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ
			اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا اور ڈرو پس اگر

Marfat.com

			تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝
			پھر جاؤ تم پس جانو یہ کہ اوپر پیغمبر ہمارے کے پہنچانا ہے آشکارا
۹	اعراف	۱۹و۲۰	اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ
			وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں رسول کی جو نبی ہے ان پڑھا وہ جو پاتے ہیں اسکو
			مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ
			لکھا ہوا نزدیک اپنے بیچ توریت کے اور انجیل کے حکم کرتا ہے انکو ساتھ بھلائی کے
			وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ
			اور منع کرتا ہے انکو نامعقول چیز سے اور حلال کرتا ہے واسطے انکے پاکیزہ چیزیں اور حرام کرتا ہے اوپر انکو
			الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ
			ناپاک چیزیں اور اتار رکھتا ہے انسے انکے بوجھ اور طوق جو تھے
			عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا
			اوپر انکے پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اسکے اور قوت دی اسکو اور مدد کی اسکی اور پیروی کی
			النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا
			اس نور کی کہ اتارا گیا ہے ساتھ اسکے یہ لوگ وہ ہیں فلاح پانے والے کہہ تُو اے
			النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِالَّذِيْ لَهٗ
			لوگو تحقیق میں پیغمبر ہوں اللہ کا طرف تمہارے سب کے وہ جو واسطے اسکے ہے
			مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ
			بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ کرتا ہے اور
			يُمِيْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ
			مارتا ہے پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور پیغمبر اسکے کے جو نبی ہے ان پڑھا وہ جو ایمان رکھتا ہے

Marfat.com

			بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○
			اللہ کے اور باتوں اسکے کے اور پیروی کرو اسکی تو کہ تم راہ پاؤ
قال الملا	انفال	۱	اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ ○
			اور فرمان برداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی
〃	〃	۲	وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ج
			اور نہ پھینکا تھا تو نے جسوقت کہ پھینکا تھا تو نے ولیکن اللہ نے پھینکا تھا
قال الملا	انفال	۳	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا
			ای لوگو جو ایمان لائے ہو فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی اور مت پھرو
			عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ○ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ
			اس سے اور تم سنتے ہو اور مت ہو مانند ان لوگوں کے
			قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ○
			کہ کہتے ہیں سنا ہے اور وہ نہیں سنتے
〃	〃	〃	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا
			اے لوگو جو ایمان لائے ہو پکارنا قبول کرو واسطے اللہ کے اور واسطے رسول کے
			دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ج
			پکارے تمکو واسطے اسکے کہ زندہ کرے تمکو
〃	〃	〃	وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ط
			اور نہیں تھا اللہ کہ عذاب کرتا انکو اور تو ہے انکے تھا
〃	توبہ	۵	وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
			اور فرمان برداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی

Marfat.com

		٥	يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى
			ارادہ کرتے ہین کہ بجھا دیوین روشنی اللہ کی کو ساتھہ مونہون اپنے کے اور نہین قبول
			اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ
			اللہ مگر یہ کہ پورا کرے روشنی اپنی کو اگرچہ ناخوش رکھین کافر
			هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ
			وہی ہے جسنے بھیجا رسول اپنے کو ساتھہ ہدایت کے اور دین
			الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ
			حق کے تاکہ غالب کرے اوسکو اوپر دین سب کے اگرچہ ناخوش رکھین مشرک
واعلموا	توبہ	٨	وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ
			اور بعضے انمین سے وہ ہین کہ ایذا دیتے ہین نبی کو اور کہتے ہین وہ ہر کسیکی بات سنکر لیتا ہے واسطے
			قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ
			کہہ سننے والا بہلائی کا تمہارے واسطے ایمان لاتا ہے ساتھہ اللہ کے اور باور کرتا ہے واسطے
			وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ
			اور رحمت ہے واسطے انکے جو ایمان لائے ہین تم مین سے اور جو لوگ کہ ایذا دیتے ہین
			رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ
			رسول اللہ کے کو واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا قسمین کھاتے ہین ساتھہ اللہ کے واسطے تمہارے
			لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ
			تاکہ راضی کرین تمکو اور اللہ اور رسول اسکا بہت حقدار ہین اسکے کہ راضی کرین اسکو
			اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۭ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ
			اگر ہین ایمان والے کیا نہین جانا انہون نے یہ کہ جو کوئی خلاف کرے اللہ کا

Marfat.com

			وَرَسُولَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ذٰلِكَ
			اور رسول اسکے کا پس یہ کہ واسطے اسکے ہے آگ دوزخ کی ہمیشہ رہنے والے ہوئے اسکے ہیں
			الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۝
			رسوائی بڑی
یعتذرون	انفال	۱۶	لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا
			البتہ تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر نفس تمہارے سے شاق ہے اوپر اسکے یہ کہ
			عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ
			ایذا میں پڑو تم حرص کرنے والا ہے اوپر بھلائی تمہاری کے واسطے مسلمانوں کے شفقت کرنیوالا
			فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ
			پس اگر پھر جاویں پس کہہ کفایت ہے مجھکو اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ
			عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ
			اوپر اسکے توکل کیا میں اور وہی ہے پروردگار تخت بڑے کا
؍؍	هود	۱	اِنَّنِي لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيرٌ وَّبَشِيرٌ
			تحقیق میں واسطے تمہارے اس سے ڈرانے والا ہوں اور خوشخبری دینے والا ہوں
۱۴ رُبَمَا	حجر	۴	لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝
			قسم ہے زندگی تیری کی تحقیق وہ البتہ بیچ مستی اپنی کے سرگردان ہے
۱۵ سُبْحٰنَ الَّذِي	بنی اسرائیل	۱	سُبْحٰنَ الَّذِي اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ
			پاکی ہے اس شخص کو کہ لیگیا اپنے بندے کو رات کو مسجد
			الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى الَّذِي بٰرَكْنَا
			حرام سے طرف مسجد اقصےٰ کی وہ جو برکت دی ہمنے

Marfat.com

			حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ؕ گرد اسکے تاکہ دکھلاویں ہم اسکو نشانیوں اپنے کو تحقیق وہ ہے سننے والا دیکھنے والا
		۹	وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ اور تہوڑی سی رات کو پس نماز کر ساتھ قرآن کے بڑھنی مین واسطے تیرے شتاب ہے کہ بھیجے بھکو
			رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ پروردگار تیرا مقام محمود مین
		۱۲	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ اور نہین بھیجا ہمنے تجھکو مگر بشارت دینے والا اور ڈرانے والا
قترب ۱۷	انبیا	۷	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اور نہین بھیجا ہمنے تجھکو مگر رحمت واسطے عالمون کے
قد افلح ۱۸	نور	۷	وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ اور جو کوئی فرمان برداری کرے اور رسول اسکے کی اور ڈرے اللہ سے اور پرہیزگاری کرے پس یہ لوگ وے ہین مراد پانے والے
			قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا کہہ فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی پس اگر پھر جاؤ
			فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ۚ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ۚ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ پس سوائے اسکے نہین کہ وہ اوپر ذمہ اسکے ہے جو کچھ اٹھوایا گیا وہ تم اور اگر فرمانبرداری کرو اسکی راہ پاؤ اور نہین اوپر پیغمبر کے مگر پہنچا دینا ظاہر

Marfat.com

۱۸ قل افلح	نمبر ۱	۷	وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ اور قایم رکھو نماز کو اور دو زکوۃ اور فرمان برداری کرو رسول کی لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ تو کہ تم رحم کیے جاؤ
〃	〃	۹	لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا مت مقرر کرو پکارنا پیغمبر کا درمیان اپنے جیسا پکارنا بعضے تمہارا بعضوں کو قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ تحقیق جانتا ہے اللہ ان لوگونکو کہ چھپکر نکل جاتے ہین تم مین سے نظر بچاکر پس چاہیے کہ ڈرین وہ لوگ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ کہ جو مخالفت کرتے ہین حکم اسکے سے اس سے کہ پہنچ جاوے انکو فتنہ یا پہنچ جاوے انکو عذاب دردناک والا
۱۹ وقال الذین	فرقان	۵	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا اور نہین بھیجا ہمنے تجھکو مگر خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا
〃	الشعرآء	۱۱	وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ اور ڈرا قبیلے اپنے نزدیک والون کو اور نیچا کر ماتحت اپنا لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ واسطے اس شخص کے کہ پیروی کرتا ہے تیری ایمان والون مین سے پس اگر نافرمانی کرین تیری پس کہہ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ الَّذِيْ يَرٰىكَ بیزار ہون اس چیز سے کہ کرتے ہو تم اور توکل کر اوپر اس غالب مہربان کے جو دیکھتا ہے تجھکو حِيْنَ تَقُوْمُ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ جسوقت کہ اٹھتا ہے تو اور پھرنا تیرا ہر سجدہ کرنے والون مین تحقیق وہی ہے سننے والا جاننے والا

Marfat.com

وقال اللہ ۱۹	النمل	۱	وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ○
			اور تحقیق تو البتہ سکھلایا جاتا ہے قرآن نزدیک حکمت والے علم والے کے سے
انہ من خلق ۲۰	ء	۶	فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ○
			پس توکل کر اوپر اللہ کے تحقیق تو اوپر حق ظاہر کے ہے
انل ما اوحی ۲۱	الاحزاب	۱	اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ
			نبی بہت شفقت کرنیوالا ہے مسلمانوں پر جانوں اُنکی سے اور بیبیاں اُسکی مائیں ہیں انکی
			وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ
			اور قرابت والے بعض اُنکے نزدیک تر ہیں بعضوں سے بیچ کتاب اللہ کے
			مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ
